شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

22نومبر 2024ء

# پریس ریلیز

## استحکامِ پاکستان کا واحد ذریعہ ملک میں اسلام کا نفاذ ہے۔

## ایک مضبوط اور مستحکم اسلامی ایٹمی پاکستان ہی اسرائیل کا اصل توڑ ہے۔(اعجاز لطیف)

**لاہور(پ ر):** استحکامِ پاکستان کا واحد ذریعہ ملک میں اسلام کا نفاذ ہے۔ایک مضبوط اور مستحکم اسلامی ایٹمی پاکستان ہی اسرائیل کا اصل توڑ ہے۔ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے نائب امیر **اعجاز لطیف** نے ایک بیان میں کیا۔اُنہوں نے کہا کہ بنی اسرائیل کی تاریخ گواہ ہے کہ اس قوم نے انبیاء کرام سے دشمنی کو اپنا شیوہ بنایا اور آخری نبی ور سول حضرت محمد مصطفیﷺ کی بعثت کے بعد سے لے کر آج تک یہود کا اصل ہدف مسلمانوں کو نیست و نابود کرنا اور مسجدِ اقصیٰ پر قبضہ جمانا ہے۔حقیقت یہ ہے کہ 7اکتوبر 2023ء کے بعد سے اسرائیل نے جس سطح پر مسلسل درندگی کا کُھلم کُھلا مظاہرہ کیا ہے اُس نے مغرب کے عوام میں بھی صہیونیوں کے خلاف نفرت بھر دی ہے۔مغرب کی یونیورسٹیوں اور سڑکوں پر اسرائیلی درندگی کے خلاف اور فلسطینی مسلمانوں کے حق میں بڑے پیمانے پر مظاہرے دیکھنے میں آئے ہیں۔البتہ حکومتی سطح پر امریکہ اور مغربی یورپ کے اکثر ممالک غزہ کے مسلمانوں کی نسل کُشی میں اسرائیل کو مکمل معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ جس کی حالیہ مثال اقوامِ متحدہ کی سیکورٹی کونسل میں جنگ بندی کی ایک اور قرارداد کو امریکہ کا ویٹو کر دینا ہے۔ پھر یہ کہ اسرائیل نے شمالی غزہ اور خان یونس کے علاقوں میں شدید ترین بمباری کر کے چند ہی دنوں میں مزید ہزاروں فلسطینیوں کو شہید کر دیا ہے۔اگرچہ عالمی فوجداری عدالت نے نیتن یاہو اور سابق اسرائیلی وزیر دفاع کے خلاف جنگی جرائم میں ملوث ہونے کے الزام میں وارنٹ گرفتاری جاری کیے ہیں لیکن اصل سوال یہ ہے کہ ان پر عمل درآمد کون کرائے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ ناجائز صہیونی ریاست جنگ کا دائرہ وسیع کر کے گریٹر اسرائیل کے منصوبہ کو تیزی سے آگے بڑھا رہی ہے۔پاکستان کے حوالے سے اسرائیل کے مذموم عزائم پر تبصرہ کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ 1967ء کی جنگ میں فتح کے بعد پیرس میں جشن مناتے ہوئے اسرائیل کے سابق وزیر اعظم ڈیوڈ بن گوریان نے واشگاف الفاظ میں اعلان کیا تھا کہ اسرائیل کا خطرناک ترین حریف پاکستان ہے۔ پھر یہ کہ کچھ عرصہ قبل موجودہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو ایک انٹرویو میں اس خواہش کا اظہار کر چکا ہے کہ پاکستان کے ایٹمی دانت توڑ دیئے جائیں۔ لہٰذا ہمارے حکمران اور مقتدر طبقات صورتِ حال کی نزاکت کا احساس کریں۔ملک کی اندرونی اور خارجہ پالیسیاں وضع کرتے وقت آنے والے دور کے حوالے سے احادیث نبویﷺ میں موجود خبروں کو خصوصی اہمیت دی جائے۔امریکہ چاہتا ہے کہ پاکستان اور افغانستان آپس میں گتھم گتھا ہو جائیں اور دونوں ممالک کے اشتراک سے خراساں کا وہ خطہ عملی طور پر تشکیل نہ پا سکے جس کے بارے میں احادیث نبویﷺ میں بشارت آئی ہے کہ وہاں سے فوجیں حضرت مہدیؒ کی نصرت کے لیے جائیں گی اور اُسی خطہ سے چلنے والی فوجیں ایلیاء (یروشلم) میں اسلام کا جھنڈا گاڑ کر پوری دنیا پر دین کو قائم و نافذ کریں گی۔ لہٰذا ہمیں پاکستان کو حقیقی معنوں میں 'اسلامی ایٹمی پاکستان' بنانا ہوگا۔اللہ تعالیٰ مسلمان ممالک کے حکمرانوں اور مقتدر طبقات کو صراطِ مستقیم کی طرف راہنمائی عطا فرمائے۔آمین!

جاری کردہ

**خورشید انجم**

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM E ISLAMI

## PRESS RELEASE: 22 November, 2024

## The only way to ensure the stability of Pakistan is to enforce the Islamic Shariah. A strong and stable Islamic nuclear Pakistan is the true counter to Israel.

**(Ijaz Latif)**

**Lahore (PR):** These thoughts were expressed by the Naib Ameer of Tanzeem e Islami **Ijaz Latif** in a statement. He stated that the history of the Israelites attests to the fact that this nation has made enmity with the Prophets *(AS)* its hallmark. From the advent of the final Prophet, Muhammad *(SAAW)*, until today, the Jews' primary goal has been to annihilate Muslims and seize control of Al-Aqsa Mosque. The reality is that since 7 October 2023, Israel has demonstrated an unprecedented level of brutality, which has sparked widespread hatred of the Zionists even among the people of the West. Large-scale protests have been seen in Western universities and on the streets, condemning Israeli savagery and supporting the rights of Palestinian Muslims. However, at the governmental level, the United States and most Western European countries are fully supporting Israel in the genocide of Gaza's Muslims. A recent example of this is the U.S. vetoing another ceasefire resolution in the United Nations Security Council. Furthermore, Israel has carried out intense bombings in northern Gaza and the Khan Younis area, martyring thousands of Palestinians in just a few days. He said that although the International Criminal Court has issued arrest warrants against Netanyahu and the former Defence Minister of Israel Yoav Gallant for war crimes, yet the real question is that who will execute them? The reality is that the illegitimate Zionist state is expanding the scope of war and rapidly advancing its plan for Greater Israel. While commenting on Israel's malicious intentions regarding Pakistan, he said that after the 1967 war victory, Israel's former Prime Minister David Ben Gurion had declared, in clear words, that Pakistan was Israel's most dangerous adversary. Furthermore, a few years ago, the current Israeli Prime Minister, Netanyahu, expressed his desire in an interview to neutralize Pakistan's nuclear capabilities. Therefore, our rulers and the establishment should realize the gravity of the situation. When formulating both internal and foreign policies, special attention must be given to the prophecies contained in the Ahadith of the Holy Prophet *(SAAW)* regarding the coming times. The United States desires a confrontation between Pakistan and Afghanistan, preventing the formation of the region of Khurasan, as foretold in the Ahadith, from becoming a reality. This region has been prophesized to be the launching point for armies that will assist the Mahdi *(RAA)* and, from there, will raise the black flags of Islam which will march and conquer Jerusalem, establishing and enforcing Islam throughout the world. Therefore, we must make Pakistan truly an "Islamic Nuclear Pakistan." May Allah *(SWT)* guide the rulers and the establishments of the Muslim countries to the straight path. *Ameen!*

**Issued by:**
**Khurshid Anjum, Markazi Nazim Nashr o Ishaat**